پندرہ روزہ

# الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر ۱۲ — شمارہ نمبر ۱۹

۲۰ ربیع الاول ۱۴۰۳ — ۲۵ دسمبر ۱۹۸۳


# اِنتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر منعقد کرانے کا فیصلہ

میں پاکستان میں غیر جماعتی بنیادوں پر انتخابات منعقد کرانے کا تجربہ کرنا چاہتا ہوں صحافیوں سے صدر ضیاء کی بات چیت

## معیار پر پورے اترنے والے امیدوار انتخابات نہیں لڑ سکیں گے

ایک باعمل مسلمان کی حیثیت سے میں صدر کے عہدے کیلئے موزوں امیدوار ہوں

راولپنڈی — پاکستان میں آئندہ عام انتخابات ... غیر جماعتی بنیادوں پر ... خود بھی صدارت کے عہدے کیلئے امیدوار ہوں گے ...

## لانگ مارچ کرنے والے ۵ ہزار افراد کو دریائے جہلم پر روک دیا گیا

جلوس کو دیکھنے کیلئے آزاد کشمیر جانے والے صحافیوں کو کوٹلہ کے تھانے میں بٹھا دیا گیا

اسلام آباد — پاکستان افغان کشمیر ... آزاد کشمیر کی طرف جانے والے دریائے جہلم کے قریب پل پر روک لیا گیا ...

اسلام آباد میں ۱۹۸۳ء سال
ایک ہزار سے زائد عورتیں
بانجھ بنا دی گئیں

اسلام آباد — بہبود آبادی کے شعبہ خاندانی بہبود میں سال ۱۹۸۳ء کے دوران ایک ہزار سے زائد عورتوں کو بانجھ بنا دیا گیا ...

## پاکستان اور سعودی عرب میں کشیدگی

## برطانوی اخبار سنڈے ٹائمز کی رپورٹ

لندن — سنڈے ٹائمز کے ... سعودی عرب میں مقیم ... پاکستانی فوج اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات کشیدہ ہو گئے ہیں ...

# اِسلام آباد میں نیا حاجی کیمپ کھولا جائیگا

سپانسرشپ سکیم کے ذریعے تمام درخواست گزار حج کر سکیں گے

اسلام آباد — صدر جنرل ضیاء الحق ...

# مشرقی پنجاب میں ہندوؤں کو قتل کر دیا جائیگا بھنڈرانوالہ کی دھمکی

دہلی کے گوردوارہ میں داخل ہونے والے پولیس والوں کو بھاری قیمت ادا کرنا پڑے گی

دھمکی سے ہندوؤں میں سراسیمگی پھیل گئی ہے

حکومت سخت اقدامات کرنے کی سوچ رہی ہے

نئی دہلی — ...

# بھارت میں ہندوؤں کے علاوہ عیسائی بھی اسلام قبول کر رہے ہیں

نئی دہلی — ...

## بے نظیر بھٹو کو علاج کیلئے بیرون ملک بھیجا جا سکتا ہے

اگر پیپلز پارٹی کی ... بے نظیر بھٹو ... بیرون ملک علاج کیلئے ...

# امریکہ کو جنگی راز مہیا کرنے کے الزام میں بھارت کے متعدد اعلیٰ افسران گرفتار

**تین ریٹائرڈ افسران، میجر جنرل ایف ڈی لارکن، ایئر وائس مارشل کے ایچ لارکنز اور لفٹیننٹ کرنل جسبیر سنگھ کے علاوہ سویلین بھی وسیع پیمانے پر تباہی مچانے والے اسلحہ کی تفصیلات امریکی سفارتخانے کو دیتے تھے**

## چار امریکی سفارت کاروں کے بارے میں چھان بین؟

### راجیہ سبھا میں پاکستان کے بارے میں بھی سوال اٹھایا گیا

نئی دہلی ——— راؤنڈ بھارتی وزیر داخلہ رام سوامی وینکٹ رامن نے انکشاف کیا ہے کہ بھارتی فوج کے تین ریٹائرڈ اعلیٰ افسروں اور ایک سویلین شخص کو گرفتار کیا گیا ہے۔

## نصرت بھٹو کی بہن نے بیرون ملک جانے کے لئے حکومت کو درخواست دے دی

کراچی ———

## بے نظیر بھٹو کی بحالی کی خواہاں تمام جماعتیں اتحاد میں شامل ہو جائیں، احسان الٰہی ظہیر

## اسلام اور جمہوریت کی بحالی کی خواہاں تمام جماعتیں اتحاد میں شامل ہو جائیں، احسان الٰہی ظہیر

لاہور ——— 



## پٹاخے چھوڑے گئے

کراچی ——— 

## میں تو مسلم لیگ کے ہاں کنوں

ملتان ——— پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ

## جناح ہاؤس

کراچی ——— بھارتی حکومت اس بات

پندرہ روزہ
الہلال
سوئٹزرلینڈ

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سنو! جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کوئی خوف اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

## زندہ تحریریں

### زندگی کا نصب العین

جن تہذیبوں کی بنیاد کسی خدبی و روحانی تخیل پر نہیں ہے انہوں نے اپنے متبعین کے سامنے تفوق و برتری ہی کو نصب العین پیش کیا ہے۔ ظاہر ہے دنیا میں تفوق و برتری کا یہ نصب العین رکھنے والی صرف ایک ہی قوم نہیں ہوتی بلکہ ایک زمانہ میں متعدد قومیں اپنے سامنے یہی نصب العین رکھتی ہیں، اور وہ سب اس کے حصول کے لیے جدوجہد کرتی ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان میں شدید سیاسی، معاشی اور تمدنی کشمکش برپا ہوتی ہے، منافست و مقابلہ اور مزاحمت کے زبردست ہنگامے برپا ہوتے ہیں، اور شورش و اضطراب کے عالم میں افراد کو امن و سکون اور خوشحالی و اطمینان قلب کا میسر آنا قریب قریب محال ہو جاتا ہے، چنانچہ یہی حالت ہماری آنکھوں کے سامنے مغرب کا ملک میں درپیش ہے۔

ایسے اجتماعی نصب العین کا یہ فطری خاصہ ہے کہ وہ بین الاقوامی مقابلہ ہی پیدا نہیں کرتا بلکہ خود ایک قوم کے اپنے افراد میں بھی باہم مسابقت کی ذہنیت پیدا کر دیتا ہے، اس کی بدولت قوم کے ہر فرد کا مقصود یہ ہو جاتا ہے کہ وہ دوسرے ہمسایہ قوم پر غلبہ حاصل کرے، دولت، حکومت، طاقت، شان و شوکت اور اسباب عیش و نعمت میں سب سے بڑھ جائے، اور دوسروں کے رزق کی کنجیاں اس کے ہاتھ میں آ جائیں۔ جتنے وسائل ثروت ممکن ہوں ان کا اجارہ اس کی ذات واحد کو حاصل ہو جائے۔ زیادہ سے زیادہ منافع اس کا حصہ ہوں اور خسران و نامرادی دوسروں کا حصہ ہو، اور دوسرے اس کے مطیع و دست نگر بن کر رہیں۔

علاوہ بریں یہ ایک فطری بات ہے کہ خالص مادی ترقی جس میں روحانیت کا کوئی حصہ نہ ہو، انسان کو کبھی مطمئن نہیں کر سکتی۔ کیونکہ محض حسی لذات کا حصول ایک خالص حیوانی نصب العین ہے۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی
اسلامی تہذیب اور اس کے اصول و مبادی

[illegible]

#### القرآن — دنیا متاعِ قلیل ہے

وہ لوگ جو اللہ کے عہد کو مضبوط باندھ لینے کے بعد توڑ ڈالتے ہیں، جو ان رابطوں کو کاٹتے ہیں جنہیں اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں وہ لعنت کے مستحق ہیں اور ان کیلئے آخرت میں بہت برا ٹھکانہ ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے رزق کی فراخی بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے نپا تلا رزق دیتا ہے۔ یہ لوگ دنیوی زندگی میں مگن ہیں حالانکہ دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں ایک متاع قلیل کے سوا کچھ بھی نہیں۔ (الرعد ۲۶-۲۵)

#### السنۃ — گناہ کے بعد استغفار

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بندہ (گناہ سرزد ہو جانے کے بعد) استغفار کرے تو وہ شخص ہے اگر ستر دفعہ بھی وہی گناہ سرزد ہو جائے تو (اللہ کے نزدیک) وہ گناہ پر اصرار کرنے والوں میں نہیں ہے۔

(جامع ترمذی، سنن ابی داؤد)

## اندیشۂ شہر

مولانا کوثر نیازی پر ہم نے وقتاً فوقتاً جو کالم لکھے ہیں، انہیں ادبی اور سیاسی حلقوں میں یکساں طور پر پسند کیا جاتا ہے کیونکہ مولانا ادب اور سیاست دونوں میدانوں کے مرد ہیں۔ ہمارے ایک کرم فرما نے تو ہمارے کالموں کا ایک مجموعہ بھی مرتب کر لیا ہے۔ وہ اسے "دیدہ ور" کے نام سے شائع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ہم نے انہیں بتایا کہ اس نام کی خود مولانا صاحب کی ایک تصنیف لطیف زیر طبع ہے اور عنقریب منظر عام پر آ چکی ہے۔ اس لیے یہ نام کا تواردِ مناسب نہیں ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ جب مولانا کے کلام میں تواردِ روا ہو جاتا ہے تو پھر ان سے متعلق کتاب کے نام میں توارد کیوں نہ کر لیا جائے۔ [illegible]

[illegible]

مولانا صاحب نے مذکورہ انٹرویو میں یہ بھی بتایا [illegible]

[illegible]

## سبق آموز سیاسی منظر

ڈھاکہ میں زبردست خونریزی کے بعد شہر فوج کے حوالے کر دیا گیا۔ پانچ گھنٹے تک پولیس اور مظاہرین میں زبردست لڑائی ہوئی۔ سو افراد ہلاک ۲۰۰ زخمی ہوئے۔ ہزاروں افراد گرفتار کئے گئے۔ مظاہرین نے سرکاری عمارتیں توڑ پھوڑ مچائی۔ سرکاری عمارتوں اور گاڑیوں کو آگ لگا دی۔ اس ہنگامے میں سابق صدر ضیا کی بیوہ بیگم خالدہ اور بنگلہ بندھو شیخ مجیب الرحمٰن کی بیٹی حسینہ واجد بھی زخمی ہوئیں۔ اس پورے ہنگامے کا فوری نتیجہ یہ نکلا کہ بنگلہ دیش میں سیاسی سرگرمیوں پر دوبارہ مکمل پابندی لگا دی گئی اور دارالحکومت میں کرفیو نافذ کر دیا گیا۔

یہ سب کچھ فوراً مارشل لاء ہٹا کر پارلیمانی انتخابات کرانے کے مطالبے پر ہوا۔ ہر چند کہ یہ پاکستان سے ایک ہزار میل دور کے واقعات ہیں مگر پاکستان کی صورتحال سے گہری اور قریبی مماثلت رکھتے ہیں اور پاکستان کے حکمرانوں اور احتجاجی سیاستدانوں دونوں کیلئے اس صورتحال میں سبق آموزی کے پہلو موجود ہیں بشرطیکہ چشم بصیرت وا ہو اور دل کو کوئی سبق کی تمنا ہو۔

یہ سب کچھ عوام کی مرضی، خواہش اور امنگوں کے برعکس مارشل لاء کو طول دینے کی فوجی حکومت کا جو ابتدا کرنے کے لیے ایک مستقل حیثیت دینے کی مجنونانہ کوشش کا فطری نتیجہ ہے۔ برصغیر میں ہر چند کہ شخصی حکومتوں کا عرصہ ہزاروں سال پر محیط رہا ہے۔ گزشتہ ایک سو سال میں ووٹ اور منتخب اداروں کے ذریعہ نظم حکومت چلانے کی جو روایات پڑی ہیں اس نے برصغیر کی تمام اقوام کو بالعموم اور مسلمانوں میں بالخصوص جمہوری اقدار سے وابستگی کو خاصی گہرائی دی ہے اور شخصی حکمرانی کو قبول کرنے کی ہزاروں سال پرانی عادت میں ذہنی بنیادی تبدیلی پیدا کی ہے۔ چنانچہ پاکستان ہو کہ بنگلہ دیش یہاں خواہ جمہوری ادارے کام کریں یا نہ کریں انتخاب کا عمل جاری رہے یا نہ رہے عوام اپنی مرضی سے ہر پانچ دس سال تک کے عرصہ میں تبدیلی کی خواہش کا اظہار ضرور کرتے رہتے ہیں اور حکمران عقل کے ناخن نہ لیں تو عوام غیظ و غضب کے عالم میں سب کچھ تہہ و بالا کر کے حکمرانوں کو بدل ڈالتے ہیں۔ اس نتیجے سے پاکستان میں نہ ایوب خان اور یحییٰ خان جیسے فوجی اور بھٹو جیسے سول آمروں کو استثنیٰ ملا اور نہ بنگلہ دیش میں بابائے قوم سمیت دیگر حکمرانوں کو فرار کا موقع ملا۔ تبدیلی بہرحال آگ رہتی ہے عوام کی مرضی کا اطلاق ہو کر رہتا ہے خواہ ہونے والی تبدیلی پوری طرح حسب خواہ بھی نہ ہو۔

بنگلہ دیش میں فوجی حکمران میجر جنرل حسین محمد ارشاد نے فوجی پرچم تلے خود صدارتی انتخاب کرایا اور اس مقصد کیلئے عین انتخابات کے موقع پر اپنی پارٹی تشکیل دے کر اور صدارتی انتخابات کو پارلیمانی انتخابات پر مقدم کر کے جس طرح اپنے اقتدار کو مستقل کرنے کی احمقانہ کوشش کی تھی اس کا اظہار ایسے ہی غیظ و غضب کی صورت میں سامنے آ سکتا تھا۔ پاکستان کے فوجی حکمرانوں کو بھی یہ بات پیش نظر رکھنا چاہیے کہ سیاستدانوں کو بہت زیادہ عرصہ تک زچ کرنے اور انتخابات کو ٹالنے کے نتائج یہاں بھی ایسے ہی خوفناک ہو سکتے ہیں۔ عوام کے پرسکون رہتے رہتے ہی ان کی مرضی و منشا کے بروئے کار آنے کا اہتمام کر لینا یعنی انتخابات کرا دینا اور غیر جماعتی انتخاب کے اندھے تجربے پر اصرار نہ کرنا ہی بہتر ہے۔ یہی عافیت کا راستہ ہے۔

## فلسطینیوں سے یکجہتی کا دن

اقوام متحدہ فلسطینیوں سے یکجہتی کا دن منا رہی ہے۔ اس سال کے سوا ہر سال یہ دن ایک ولولہ انگیز تقریب کا دن ہوتا ہے لیکن فی الوقت فلسطینی جس انتشار اور اتحاد کے بحران سے گزر رہے ہیں اس کے پیش نظر یہ محض ایک تکلیف دہ رسمی کارروائی محسوس ہوتی ہے۔

فلسطینیوں کی صفوں میں جو بحران، نفاق اور انتشار ابھرا ہے اس کا فائدہ صرف اور صرف اسرائیل اور اس کی پشت پناہ قوت کو پہنچ رہا ہے۔ فلسطینیوں سے ہم ایک گزارش یہ بھی کرنا چاہیں گے کہ از سر نو کریم وہ اپنے آزادی کی تحریک کو استعماری طاقتوں کی سیاست سے علیحدہ رکھیں ان کی وفاداری اور یکجہتی اپنے مقصد سے ہونی چاہیے کسی سپر طاقت اور استعماری قوت کے منصوبوں عزائم اور حکمت عملیوں سے نہیں ہونی چاہیے۔ فی الوقت فلسطینیوں کی صفوں میں جو خلفشار ہے اس کا اصل سبب یہ ہے کہ ان کی وابستگیاں ان کے اپنے نصب العین سے زیادہ سرپرست استعماری قوتوں کے مطالب و مقاصد کی تکمیل سے بڑھ گئی ہیں۔ اس پورے خلفشار میں امریکہ کا کردار تو بہت کھلا اور قابل مذمت و لائق تعزیر ہے ہی لیکن روس کا کردار بھی کچھ کم گھٹیا نہیں وہ ایجنٹ وظیفہ خوار قوتوں کے ذریعہ فلسطینیوں کی آزاد اور متوازن قیادت کو ختم کرنے کے درپے ہے تاکہ ان کی اطاعت گزار قیادت فلسطینیوں کی قسمت کے سیاہ و سفید کی مالک ہو جائے۔



## جیتی جاگتی زندگی — مس فرخ آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں

# بیکار شوہر کارکن بیوی

ہمارے دونوں بچے شادی کے بعد اپنے اپنے گھروں میں الگ رہتے ہیں۔ میرے شوہر ایک فیکٹری میں کام کرتے تھے اور میں بھی ایک ہسپتال میں ملازم ہوں۔ میرے شوہر کافی عرصے سے بیروزگار ہیں۔ جب میں کام پر جاتی ہوں تو وہ گھر کا سارا کام کرتے ہیں۔ واپس آتی ہوں تو سب کچھ کیا ہوتا ہے اور وہ یا سو رہے ہوں گے یا اخبار میں گم ہوں گے۔

مجھے یہ سب پسند نہیں ہے۔ میں ان سے کہتی ہوں کہ آپ گھر میں کچھ نہ کیا کریں یہ میرا فرض ہے۔ لیکن آپ اپنے لئے کام تلاش کریں۔ لیکن وہ کہتے ہیں کہ میں کچھ عرصہ آرام کرنا چاہتا ہوں۔ میرے ذہن میں شوہر کا جو تصور تھا وہ بکھر کر رہ گیا ہے۔

میرے بچے ہر ماہ ہمارے لئے معقول رقم بھیج دیتے ہیں۔ بے شک ہمیں مالی طور پر کوئی پریشانی نہیں ہے۔ گھر بھی اپنا ہے۔ میرے شوہر کو بیروزگاری الاؤنس بھی مل جاتا ہے۔ ان کی عمر ۵۵ سال ہے۔ صحت اچھی ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ اگر وہ اسی طرح گھر پر بیٹھے رہے تو اس کے عادی ہو جائیں گے۔ ل۔ ط

کہیں آپ ان کی بیکاری پر رشک تو کرنے نہیں لگیں کہ یہ تو گھر پر آرام سے بیٹھے رہتے ہیں اور مجھے بارش، سردی، طوفان ہر قسم کے موسم میں صبح کام پر جانا پڑتا ہے۔ ہم لوگ ایشیائی لوگوں کی بنیادی تربیت ہی کچھ اس طرح کی ہے جہاں مرد کماتا ہے اور باقی گھر کے لوگ بیٹھ کر کھاتے ہیں۔ معاملہ اگر الٹ جائے تو اسے ذہنی طور پر تسلیم کرنا واقعی مشکل کام ہے۔ لیکن یہ سمجھ لیں کہ آپ کے شوہر عمر بھر نکمے نہیں رہیں۔ انہی کی محنت کی وجہ سے (بے شک اس میں آپ کا بھی حصہ ہے) آج آپ کے پاس اپنا گھر ہے۔ بچے پڑھ لکھ کر خود مختار ہو گئے ہیں بلکہ وہ اس قابل ہیں کہ والدین کی مالی مدد کر سکیں۔ وہ کچھ عرصہ آرام کرنا چاہتے ہیں تو یہ ان کا حق ہے۔ انہیں ایسا کرنے دیں۔

لیکن میں یہ گزارش کروں گی کہ آپ خود اپنی ملازمت نہ چھوڑیں۔ یہ آپ کی ذہنی صحت کے لئے مفید ہے۔ آج آپ شوہر کی کاہلی پر کڑھتی ہیں۔ کل اپنی بے عملی سے اکتا جائیں گی۔ اور نہیں تو آپ دونوں میاں بیوی ایک دوسرے سے الجھنے لگیں گے۔ ہاں اگر سالانہ چھٹی کا تصرف نہ ہوا ہو تو ایک ماہ کی چھٹی لے کر یا تو دونوں کہیں سیر و تفریح کے لئے چلے جائیں یا پھر یہ وقت گھر پر ہی گزاریں۔ تاکہ آپ بھی آرام کرنے کی خواہش پوری کر سکیں۔ اور جان سکیں کہ کام کرنے والے لوگ گھر پر بیٹھ جائیں تو کتنے بور ہوتے ہیں۔

## شیخ چلی سے ناطہ

میری عمر ۲۲ سال ہے۔ میرا تعلق ایک معزز خاندان سے ہے۔

کچھ عرصہ قبل میں ایک فرم میں ملازم تھا۔ یہ ایک تعمیراتی فرم تھی۔ وہ ایک اچھی ملازمت تھی مجھے کافی سہولتیں میسر تھیں۔ ایک بار میری ملاقات ایک لڑکی سے ہوئی۔ ہماری دوستی ہو گئی۔ میں اکثر اسے اپنی گاڑی میں اس کے گھر چھوڑنے جاتا۔ اس کے والدین تک بات پہنچی۔ تو وہ رشتہ دینے کے لئے تیار ہو گئے۔ مگر میرے والدین نے انکار کر دیا۔ اس کے بعد میں وہ شہر چھوڑ کر چلا آیا۔ وہ مجھے مسلسل خط لکھتی ہے۔ میں اسے صاف صاف لکھ چکا ہوں کہ ہم دونوں کی شادی نہیں ہو سکتی۔ مگر وہ بضد ہے۔ کہتی ہے کہ اگر میری شادی تم سے نہ ہوئی تو میں خودکشی کر لوں گی۔ اس کے لئے جو بھی رشتہ آتا ہے وہ انکار کر دیتی ہے۔

اب آپ ہی بتائیں کہ میں والدین کی اطاعت کروں یا اس معصوم کا قاتل بنوں۔ میں خود شادی کے لئے راضی ہوں۔ لیکن والدین کو کسی طرح رضامند نہیں کر سکتا۔

ج۔ ا

فی الحال اس کی کوشش کرنی ہی چھوڑ دیں۔ کیونکہ ایسے منصوبے اس وقت بنانے چاہئیں جب اپنے پلے کچھ ہو۔ آپ بہت سی الجھنوں اور احساس کمتری کے شکار ہیں۔ آپ کو خیالی کہانیاں بنانے کا خبط ہے۔ عملی طور پر کامیاب زندگی گزارنے کے لئے ایسی باتوں سے چھٹکارا حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے ورنہ جھوٹ اور مصنوعی خیالوں پر رکھی ہوئی عمارت دھڑام سے نیچے آ گرتی ہے۔

آپ خود کو طالب علم بتلاتے ہیں لیکن تعلیمی قابلیت صفر ہے۔ آپ کو بہت شوق ہے کہ اپنی گفتگو سے دوسروں کو متاثر کریں۔ آپ کی انگریزی اچھی ہو۔ اور آپ روانی سے انگریزی پڑھنا، لکھنا اور بولنا جانتے ہوں۔ آپ اس زبان میں مناسب استعداد حاصل کریں۔

رہا اس لڑکی کا معاملہ تو اگر وہ خودکشی کرنے پر اصرار کر رہی ہے تو بھلا آپ کیا کر سکتے ہیں۔ ہر ایک کے اپنے اپنے حالات ہیں۔ ہر ایک کا اپنا اپنا شوق ہے۔ اس "معصوم" کو اگر خودکشی کا شوق ہے تو اسے پورا کر لینے دیں۔ ان حالات میں آپ اس سے شادی بھی کر لیں گے تو وہ پچھتائے گی۔ آپ بے روزگار ہیں۔ آپ کہاں سے اسے کھلائیں گے۔ آپ کے والدین بھی اس کے خلاف ہیں۔ ورنہ رشتے کو گھر ہی لے جاتا۔

میں پھر کہوں گی اس قسم کی باتیں بے موقع اور غیر اہم ہیں۔ بس فرضی کہانیاں۔ اپنے آپ سے جھوٹ بولنا اور شیخ چلی سے ناتہ جوڑنا چھوڑ دو بہت سی الجھنیں ختم ہو جائیں گی۔



مشہد [illegible] کی گلیوں میں مسلح ایرانی دوشیزائیں بڑی طاقتوں کے اقدامات کے خلاف مظاہرہ کر رہی ہیں

## میرے آنسو بہتے چلے جاتے ہیں

میری عمر ۳۵ سال ہے۔ شادی شدہ اور دو بچوں کی ماں ہوں۔ میرے شوہر بہت اچھے ہیں۔ شادی سے پہلے میں نے ایک خوشگوار بچپن گزارا۔ ہم آٹھ بہن بھائی ہیں۔ ہم سب مل جل کر رہتے تھے۔ کبھی کسی سے کوئی خاص شکایت نہیں ہوئی۔ ہم میں بہت اتفاق تھا۔ والدین نے ہماری کسی خواہش کو نہیں ٹھکرایا۔

میرا یہ سب لکھنے کا مطلب ہے کہ میں بظاہر ایک پرسکون زندگی گزار رہی ہوں۔ لیکن نہ جانے کیا بات ہے کہ ذرا ذرا سی بات پر میرے آنسو بہنے لگتے ہیں۔ کوئی کہانی پڑھوں یا کوئی المیہ فلم دیکھوں تو مسلسل روتی رہتی ہوں یہاں تک کہ کوئی افسوسناک خبر ہو کسی کا قتل ہو جائے یا وہ حادثے میں ہلاک ہو جائے تو میں بے اختیار رونے لگتی ہوں۔ حالانکہ اس شخص کے ساتھ میرا ذاتی تعلق نہیں ہوتا۔ میرے شوہر میری اس عادت سے نالاں ہیں۔ کبھی کبھار تو وہ مذاق میں اڑا دیتے ہیں۔ لیکن انہیں میری اس عادت پر بہت چڑ ہے۔ ایک بار میں نے اپنے ڈاکٹر سے بات کی تو انہوں نے کچھ گولیاں کھانے کو دیں لیکن کوئی خاص فرق نہیں پڑا۔ ر۔ الف

اب خدا جانے ڈاکٹر نے کس قسم کی گولیاں دیں۔ وہ سکون بخش تھیں یا وہ محض طاقت کی دوائیں تھیں جس سے اپنی توانائیں بحال ہو جاتی [illegible] اداسی، والدین نے جو کچھ آپ کو دیا تھا [illegible] ہیں۔ اور پھر چھوٹے چھوٹے واقعات کے سامنے ہم زیر نہیں ہوتے۔

بہرحال ذرا ذرا سی بات پر رونے کی کوئی وجہ ضرور ہے۔ کوئی اندر کی اداسی کوئی محرومی۔ اچھا کھانا پینا، تعلیم کے مواقع، آپ کی پرورش، بحفاظت عام زندگی گزارنے کے سلسلے میں سب کچھ کافی ہے۔ اس کے باوجود کچھ خواہشیں ایسی ہوتی ہیں۔ جو بہت ذاتی ہوتی ہیں، وہ پوری نہ ہو سکیں تو اندر کٹ سا جاتا ہے۔

سب سے پہلے تو یہ جاننا ضروری ہے کہ آپ کے اندر کیا ہے۔ شوہر کے روپ میں کیا یہ شخص وہی ہے جس کا آپ نے کبھی تصور کیا تھا۔ وہ آپ کا آئیڈیل تھا۔ یا آپ سمجھوتہ کرنے کی عادی ہیں۔ بہت سے سمجھوتے بھی اداسیوں اور اضطراب کا موجب بن جاتے ہیں۔ جو آنسوؤں کے ذریعے نکلنے کے لئے راہیں تلاش کرتے رہتے ہیں۔ بہانے ڈھونڈتے ہیں۔

پہلے تو آپ خود بیٹھ کر سوچیں۔ اپنی کھوج لگائیں کہ جو کچھ آپ کے پاس ہے وہ کافی ہے۔ آپ نے کبھی خواہش کی لیکن پوری نہ ہوئی ہو۔ آپ کے شوہر جو آپ کے جیون ساتھی ہیں انہیں اعتماد میں لینا بہتر ہے۔ یا پھر کوئی ایسی دوست جس سے دل کی بات کھل کر بیان کی جا سکے۔

## بیاضِ دل

کوئی سپنا سجا دیا ہوتا
یوں نہ ہم کو بھلا دیا ہوتا
ہم سے کچھ اور تھوڑا مانگا ہوتا
ہاتھ ہی کچھ بڑھا دیا ہوتا

ہزاروں لالہ و گل ہیں ریاض ہستی میں
وفا کی جس میں ہو بو وہ کلی نہیں ملتی

کتنے حسین تھے وہ لوگ جو مل کے ایک بار
آنکھوں میں جذب ہو گئے دل میں سما گئے

کتنے معصوم ہیں انسان کہ بہل جاتے ہیں
اپنی کوتاہی کو دے کر غم و آلام کا نام

گزرا ادھر سے جب کوئی جھونکا تو چونک کر
دل نے کہا یہ آ گئے ہم کس دیار میں

# ادب و ثقافت

## سخن در سخن — خامہ بگوش کے قلم سے

### ٭پھر وہی نشیب و فراز

### ٭ڈیڑھ شعر یا ڈیڑھ سیر کا شاعر

**پھر وہی نشیب و فراز:**

احمد فراز اور ساقی فاروقی میں جب جھگڑے کی اطلاع ملی تھی تو ہم نے اس کا سبب جاننے کی کوشش نہیں کی تھی کیونکہ اپنا اصول یہ ہے:

جنگ دو شاعروں میں ہو کہ ہٹ
اپنے بچنے کی فکر کر جھٹ پٹ

لیکن اب صلح کی خبر آئی ہے تو ہمیں بے حد خوشی ہوئی ہے کہ ہمارے شعرا اچھی شاعری نہ کریں لیکن کبھی کبھی اچھے کام ضرور کر لیتے ہیں۔

ساقی فاروقی کی ایک عادت ہمیں بہت پسند ہے کہ وہ کسی سے لڑتے ہیں تو اس کی اطلاع دوسروں کو فوراً دیتے ہیں اور صلح کر لیتے ہیں تو اس کا بھی اعلان فوراً کر دیتے ہیں افسوس کہ ان کی ساری زندگی لڑنے اور صلح کرنے میں گزر گئی۔ اگر اتنا وقت وہ شاعری کو دیتے تو اب تک کافی گویا چند نام ننگ ان پر پانچ سو صفحات کی کتاب لکھ چکے ہوتے بلکہ دہلی میں "میر سیمینار" کی طرح "ساقی فاروقی سیمینار" بھی منعقد کر چکے ہوتے۔

احمد فراز سے صلح کی اطلاع ساقی فاروقی نے اپنے ایک دوست کے نام خط میں اس طرح دی ہے "پرسوں فیض

احمد فراز میرے ہاں آ گئے تھے۔ فیض صاحب نے ہم دونوں کی صلح کرا دی اور کہا، ساقی تم خواص کے شاعر ہو اور فراز عوام کا۔ میں نے اس میں تھوڑا سا اضافہ کر دیا، مگر فیض صاحب فراز ایک ایسا شاعر عوام ہے جس کو ایک خواص بھی جانتا ہے جس کا نام ہے ساقی فاروقی اور میں ایسا شاعر خواص ہوں جس کو ایک عوام بھی جانتا ہے جس کا نام ہے احمد فراز۔"

فیض صاحب نے جب سے شاعری چھوڑ دی ہے وہ خواص شاعرانہ باتیں کرنے لگے ہیں۔ ساقی و فراز کا شاعر ہونا تسلیم لیکن عوام اور خواص دونوں پر تہمت لگانا کوئی اچھی بات نہیں۔ ساقی کی شاعرانہ شہرت کی وجہ صرف یہ ہے کہ وہ کسی کو خاطر میں نہیں لاتے اور فیض کی شاعرانہ شہرت کا انحصار خود ان کے حسن اور شریفانہ جانام پر ہے۔ رہی ساقی فاروقی کی یہ بات کہ ایک شاعر خواص کو ایک مرد "عوام" بھی جانتا ہے۔

البتہ ایک شاعر عوام کو ایک مرد "خواص" بھی جانتا ہے تو اس پر ہم کوئی تبصرہ نہیں کریں گے کہ ان دونوں شاعروں کو عوام اور خواص خوب اچھی طرح جانتے ہیں بلکہ پہچانتے بھی ہیں صرف ایک فیض ہیں کہ

"پرسوں فیض اور فراز میرے یہاں آ گئے تھے۔ فیض صاحب نے ہم دونوں کی صلح کرا دی اور کہا "ساقی تم خواص کے شاعر ہو اور فراز عوام کا"۔ میں نے اس میں تھوڑا سا اضافہ کر دیا۔ مگر فیض صاحب فراز ایک ایسا شاعر عوام ہے جس کو ایک خواص بھی جانتا ہے جس کا نام ہے ساقی فاروقی۔ اور میں ایسا شاعر خواص ہوں جس کو ایک عوام بھی جانتا ہے جس کا نام ہے احمد فراز۔" تمہارا ساقی

لندن ١٨ ۹ / ۸۳

**ڈیڑھ شعر یا ڈیڑھ سیر کا شاعر:**

[illegible]



## غزل

**شبیر افضل جعفری**

آب و کوزہ کے ساتھ گزری ہے
بوسے پہ حیات گزری ہے

دل کے ٹیلے پہ رقص کرتی ہوئی
طور بالوں نے ذات گزری ہے

کھیلتے کھیلتے نماز دھمال
صحنِ مسجد میں رات گزری ہے

غم کے صحرا سے آدمی کی خودی!
پی کے سوزِ فرات گزری ہے


کوئے سجدہ سے آج پچھلی رات
آنسوؤں کی برات گزری ہے

خبرِ وصل نشر کرتی ہوئی!
فرقتِ بے ثبات گزری ہے

دل کے مکتب سے پاک ذات غزل
لے کے کلک و دوات گزری ہے

رُخ کے زہتیں جھرو کے سے
حسنِ اول کی "جھات" گزری ہے

اک عجب رنگ دلبری سے مجھے
گرد گرا کے نجات گزری ہے



# اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی کانفرنس ناکام رہی!

## خلیجی جنگ، پی ایل او، قبرص اور مصر سے تعلقات پر مندوبین میں شدید اختلاف

[illegible]

# وقت کی کمی کے باعث پاکستان تیسرا ٹسٹ نہ جیت سکا

## آسٹریلوی کپتان کم ہیوز کی شاندار سنچری نے آسٹریلوی ٹیم کو بچا لیا

[illegible]



## بیویوں کو واپس بلاؤ

سرفراز نواز

[illegible]

# ناقابل شکست

[illegible]

## محمد اصغر خان کو برطرف کر دیا گیا

[illegible]

## بمبئی ٹسٹ میچ ڈرا ہو گیا

[illegible]





اسلامی اقدار کے حامل اخلاقی و معیاری رشتوں کے خواہشمند مندرجہ ذیل پتہ پر اعتماد کے ساتھ لکھیں۔ (خدمات فی سبیل اللہ ہیں)

Br. Hasan,
P.O. Box 503,
Station 'A',
Toronto, Ont.
M5W 1E4

**METROMONIAL**

A practising Sunni Muslim bachelor, 26 years, BA Sayyid family from Madras, India. Original Islamic character intact, unpolluted by other cultures. Seeks alliance with eually serious and sincere Muslim family. Only those who have not been attracted by corruption of other cultures should send details by mail. Marked PERSONAL to

Dr. A.S. Shaikh
56 Boustead Avenue
Toronto, M6R 1Y9, Ont.



# مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف 10 ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

۲۹ سالہ ۸-۵، ۱۳۰ پاونڈ خوبصورت بی ایس سی امریکن امیگرنٹ اور ذاتی کاروبار کے حامل نوجوان کے لئے مناسب لڑکی کا رشتہ فوری درکار ہے۔

۳۳ سالہ ۷-۵، ۱۵۵ پاونڈ امریکن پی ایچ ڈی انجینئر اور عمدہ ملازمت کے حامل پنجابی نوجوان کے لئے معقول تعلیمیافتہ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

چالیس سالہ ۷-۵، ۱۸۵ پاونڈ امریکن شہری ذہنی امراض کی بنا پر بیوی کو طلاق، ذاتی کاروبار اور جائداد کے مالک کے لئے مناسب لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

۱۹ سالہ ۳-۵، خوبصورت امریکن سٹیزن، ہائی سکول (سائنس لینگویج) خانہ داری میں ماہر گوئنگی لڑکی کے لئے خدا ترس پڑھے لکھے اور باروزگار لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ اس رشتہ کے لئے رجسٹریشن کے علاوہ کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔

مزید تفصیلات کیلئے شمالی امریکہ کے اول اور سب سے بڑے ادارے سے آج ہی رابطہ قائم کیجئے۔

Star Marriage Bureau
5601 N. Clark,
Chicago, Il. 60660
Tele: (312) 728-8020

اوکلاہاما امریکہ میں مقیم ۲۷ سالہ حنفی سنت الجماعت پی ایچ ڈی کیمسٹری ڈاکٹریٹ فیلوشپ لڑکے کے لئے اعلیٰ تعلیمیافتہ اور خوبصورت لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائے گی۔ لڑکے کے ٹورانٹو میں مختصر قیام کے باعث مکمل کوائف اور تصویر کے ساتھ فوری رابطہ قائم کریں۔

S.M.A.
35 St. Dennis Dr.
Apt. #340
Don Mills, Ont.
M3C 1G9

۲۹ سالہ گریجوئیٹ پاکستانی لڑکی کے لئے چالیس تا چھیالیس سالہ تعلیمیافتہ پاکستانی کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لئے خط لکھئے۔

P.O. Box 1023
Williamsville
NY 14221, USA

## ضرورت ہے

گھریلو کام کاج کے لئے ایک تیس تا پچاس سالہ خاتون کی ضرورت ہے۔ خواہشمند اس نمبر پر رابطہ قائم کریں۔

(416) 497-2937

## ایرانی بحریہ کے سابق کمانڈر نے تودہ پارٹی کو
### فوجی معلومات فراہم کرنے کا اعتراف کر لیا

تہران — (اے پی پی) ایرانی بحریہ کے سابق کمانڈر بہرام افضلی نے جن کے خلاف غداری کے الزام میں مقدمہ کی سماعت ہو رہی ہے آج عدالت کو بتایا کہ انہوں نے ممنوعہ تودہ پارٹی کو خفیہ فوجی اطلاعات فراہم کیں … [illegible]

## چھاراپہلوان کو جرمن کی علت

[illegible]

# [illegible]

اسلامی کانفرنس کے سیکرٹری جنرل نے پی ایل او کی فوجی اور افرادی قوت کی شکل میں امداد کیلئے جدہ میں بیورو کے قیام کا اعلان کر دیا۔

## پاک فوج کے چھ افسران بیورو کے معاون ہوں گے
### مصر کو ہماری اور ہمیں مصر کی ضرورت ہے، پی ایل او کا موقف

ڈھاکہ — (رائٹر) تنظیم برائے اسلامی کانفرنس کے سیکرٹری جنرل نے پی ایل او کو فوجی اور افرادی قوت کے شعبوں میں تعاون … [illegible]

## مسلمانوں کے ساڑھے تین سو ارب ڈالر صیہونی بنکوں میں جمع ہیں
### اسلامی دنیا کے مسائل سوشلزم اور سرمایہ دارانہ نظام سے حل نہیں ہو سکتے

اسلام آباد — [illegible]

## لبنان میں مسلمانوں کے قتل عام کے جواب میں تمام
## اسلامی ممالک مغرب کو تیل کی فراہمی روک دیں، امام خمینی

تہران — (رائٹر / اے پی) [illegible]

## محمود خان اچکزئی مفرور قرار دیئے گئے

کوئٹہ — [illegible]

## بھارت میں مسلمانوں کے تحفظ کے ۹۱ کارخانے بند کر دیئے گئے
### صابن سازی کے ساڑھے تین سو کارخانوں کو تیل کی فراہمی بند کر دی گئی۔ ۱۹ ہزار مسلمان بے گھر
### دہلی میں ۲۰ مسلمانوں کو چوری کے الزام میں تشدد کر کے ہلاک کر دیا گیا

[illegible]

## کوڑے، قید، جرمانہ

کراچی — [illegible]

## مڈل سیکس کے ایک ہسپتال میں حاملہ ایشیائی خواتین پر تجربات
### کیلشیم اور وٹامن ڈی کی کمی سے متعلق تجربات سے مریضوں کو لاعلم رکھا گیا

لندن — مڈل سیکس میں واقع ایک ہسپتال میں ایشیائی خواتین پر ان کی اجازت کے بغیر تحقیقی تجربات کئے جاتے رہے … [illegible]



[illegible]

## اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے پانچ شہری ہلاک

[illegible]

## پی آئی اے میں چھ ہزار تھائی ایئر ہوسٹسیں بھرتی کرنے کا فیصلہ
### آئندہ سال چھ ہزار کارکنوں کو ملازمتوں سے ریٹائر کر دیا جائے گا

کراچی — [illegible]

## ایٹمی جاسوسی پر پاکستانی
## سائنسدان کو سزا کے
## خلاف اپیل دائر کی جائے گی

اسلام آباد — حکومت پاکستان نے ہالینڈ کی حکومت کو … [illegible]

## حنیف رامے خود ساختہ جلاوطنی ختم کر کے وطن واپس پہنچ گئے

اسلام آباد — [illegible]

## بعض افراد کے بیرون ملک سفر پر پابندی
### فیصلہ حکومت کی اعلیٰ ترین سطح پر ہو گا

اسلام آباد — [illegible]

fortnightly Vol.12 No.19 50¢
December 25, 1983
al-Hilal Ph: (416) 474-9292, 493-4374

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

Editor: S. Sajjad Hyder
Managing Dir. M. Lateef Owaisi

# غیر جماعتی بنیادوں پر انتخابات کا اعلان اگلے ماہ کیا جائے گا

پاکستان پیپلز پارٹی پر پابندی لگانے کے لئے سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کیا جائیگا

## پیپلز پارٹی کے لیڈر انتخابات میں حصہ نہیں لے سکیں گے

ریفرنس دائر کرنے کیلئے ضروری ثبوت مہیا کئے جا رہے ہیں

## آزاد کشمیر کے شہر راولاکوٹ سے اسلام آباد تک لانگ مارچ

پولیس نے فائرنگ اور اشک آور گیس استعمال کی

## بے نظیر بیرون ملک جائیں گی

نصرت بھٹو بہت کمزور ہیں

جائیداد کا انتظام بیٹی کو سونپ دیا

## فوجی عدالت نے الذوالفقار کے تین کارکنوں کو سزائے موت سنادی

## کینیڈا کی پولیس نے پاکستانی جہاز سے کروڑوں ڈالر کی ہیروئن برآمد کر لی

ہیروئن رکھنے اور اسمگل کرنے کے الزام میں ایک پاکستانی گرفتار

## فوجی بیرکوں میں لوٹ جائیں

## کئی اعلیٰ افسران الذوالفقار تنظیم کے سرگرم کارکن ہیں

دس افراد گرفتار اور جعلی سٹیمپیں برآمد کر لی گئیں

## پاکستانی قوم کی زندگی پر فلم

چھبیس لاکھ روپے خرچ ہوئے

۲۵ دسمبر کو ریلیز کی جائے گی

## ایم آر ڈی کے کئی لیڈروں کے خلاف سازش کا مقدمہ

تمام تحقیقات مکمل ہو گئیں۔ اس ہفتے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں حتمی اقدامات کا فیصلہ ہوگا

### مقدمے کی سماعت کے لئے خصوصی ٹریبونل قائم کیا جائے گا

### ہم اور جماعت اسلامی بھائی بھائی ہو گئے ہیں: پیر پگارا

اصغر صاحب انتخابات کرانے میں مخلص ہیں تو مذاکرات کیلئے آئیں

### نفیس صدیقی کی نظربندی میں توسیع

## بھاری مقدار میں اسلحہ پکڑا گیا

تخریبی کارروائیوں کے لئے پنجاب میں سمگل کیا جا رہا تھا

## ۲۵ اشیائے صرف کی قیمتوں میں ایک سال کے دوران ۳۰ فی صد تک اضافہ

سب سے زیادہ اضافہ پیاز، گوشت اور چینی کی قیمتوں میں ہوا